بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایک بیوی کی بیٹی کا دوسری بیوی کے بیٹے سے نکاح کرنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کی پہلی بیوی سے ایک بیٹی ہوئی، اس کے بعد اس بیوی کا انتقال ہوگیا، اس نے کسی دوسری عورت سے شادی کی، اس دوسری عورت کا اس کے پہلے شوہر سے ایک بیٹا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا اس شخص کی پہلی بیوی سے جو بیٹی ہے، اس کا دوسری بیوی کے سابقہ شوہر سے جو بیٹا ہے، اس کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے، جبکہ اس لڑکی اور لڑکے کے درمیان کوئی اور وجہ حرمت رضاعت وغیرہ مانع نکاح نہیں ہے؟

جواب

صورت مسئولہ میں پہلی بیوی سے ہونے والی بیٹی کا دوسری بیوی کے سابقہ شوہر سے پیدا ہونے والے بیٹے کے ساتھ نکاح کیا جاسکتا ہے کیونکہ حرمت کی کوئی وجہ نہیں ہے، جس طرح اگر پہلی بیوی سے بیٹا ہوتا اور دوسری بیوی کی، اس کے سابقہ شوہر سے بیٹی ہوتی تو ان کا آپس میں نکاح ہوسکتا تھا، اسی طرح صورت مسئولہ میں بھی ہوسکتا ہے۔

حرام کردہ عورتوں کا ذکر کرکے قرآن پاک میں فرمایا گیا: ﴿وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ﴾ ترجمۂ کنزالایمان: "اور اُن کے سوا جو رہیں وہ تمہیں حلال ہیں۔" (سورۃ النساء، پ05، آیت24)

اور حرام کردہ عورتوں میں سوال میں ذکر کردہ لڑکی شامل نہیں ہے لہذا قرآن پاک کی آیت کے مطابق اس لڑکی کا دوسری عورت کے سابقہ شوہر سے ہونے والے بیٹے کے ساتھ نکاح حلال ہے۔

فتاویٰ عالمگیری میں ہے: "لا بأس بأن يتزوج الرجل امرأة ويتزوج ابنه ابنتها أو أمها، كذا في محيط السرخسي" ترجمہ: اس میں کوئی حرج نہیں کہ کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرے اور اس کا بیٹا، اس عورت کی بیٹی یا ماں سے نکاح کرے۔ اسی طرح محیط سرخسی میں ہے۔ (فتاوی عالمگیری، کتاب النکاح، الباب الثالث، القسم الثانی، ج01، ص277، کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے: "کسی نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اس کے لڑکے نے عورت کی لڑکی سے کیا، جو دوسرے شوہر سے ہے تو حرج نہیں۔ یوہیں اگر لڑکے نے عورت کی ماں سے نکاح کیا، جب بھی یہی حکم ہے۔" (بہار شریعت، ج02، حصہ07، ص06، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: محمد عرفان مدنی

مصدق : مفتی ابوالحسن محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر :Lar-11164

تاریخ اجراء :08رجب المرجب1443ھ/10فروری2022ء



Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)



www.fatwaqa.com



daruliftaahlesunnat



DaruliftaAhlesunnat



Dar-ul-ifta AhleSunnat



feedback@daruliftaahlesunnat.net